Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعرات، 3 جولائی 2025ء، 7 محرم الحرام 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 103

ایئر چیف مارشل کا دورہ امریکا، اہم سول اور عسکری حکام سے ملاقاتیں

چیف مارشل ظہیر احمد بابر سوہو نے امریکہ کی اعلیٰ عسکری اور سیاسی قیادت سے کئی اہم ملاقاتیں کیں، ٹیکنالوجی اور مشترکہ تربیت پر اتفاق، جس سے دوطرفہ دفاعی تعاون اور باہمی مفادات کو فروغ حاصل ہوگا

یہ اعلیٰ سطحی دورہ پاک امریکہ دفاعی اشتراک میں ایک تزویراتی سنگ میل ہے، یہ دورہ اہم علاقائی اور عالمی سلامتی کے مسائل سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ ادارہ جاتی تعلقات کو استوار کرنے میں اہم کردار ادا کرے

ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سوہو عسکری اور سیاسی قیادت سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سوہو نے امریکہ کا سرکاری دورہ کیا، جو کہ ایک دہائی سے زائد عرصے کے دوران پاک فضائیہ کے کسی بھی حاضر سروس ایئر چیف کا پہلا دورہ ہے، جس سے دوطرفہ دفاعی تعاون اور باہمی مفادات کو فروغ حاصل ہوگا۔ یہ اعلیٰ سطحی دورہ پاک امریکہ دفاعی اشتراک میں ایک تزویراتی سنگ میل ہے۔ یہ دورہ اہم علاقائی اور عالمی (بقیہ نمبر 1)

بغیر سفارش گھر بنانے کیلئے قرضوں کا اجرا قابلِ تقلید مثال ہے

اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کا مقصد عوام کیلئے آسانی پیدا کرنا ہے، مریم نواز

اپوزیشن کو نیولے ہر فرد کو سیاسی وابستگی سے بالاتر ہونے پر زور دیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ بغیر سفارش گھر بنانے کے لیے قرضوں کا اجرا قابلِ تقلید مثال ہے۔ اس حوالے سے اپنے ایک بیان میں مریم نواز نے کہا ہے کہ عوام سے کیا ایک اور وعدہ پورا کر دیا، مریم نواز نے کہا ہے کہ اپنی (بقیہ نمبر 2)

حکومت کا ملک کے تمام ایوٹیلیٹی اسٹور بند کرنے کا فیصلہ

سٹورز میں موجود اشیائے خورد ونوش کو ویئر ہاؤس میں منتقل کرنے کا سلسلہ بھی شروع

لاہور (این این آئی) ایوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن نے اپنے آپریشنز بند کرنے شروع کر دیئے اور سٹورز میں موجود اشیائے خورد ونوش کو ویئر ہاؤس میں منتقل کرنے کا سلسلہ بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ حکومت کی جانب سے (بقیہ نمبر 5)

مبینہ مقابلوں میں باپ بیٹے سمیت 5 ملزمان ہلاک

ہلاک باپ بیٹا موٹر سائیکل پر وارداتیں کرنے والے گروہ سے تعلق رکھتے تھے، سی سی ڈی ذرائع

لاہور (این این آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ مبینہ مقابلوں میں باپ بیٹے سمیت 5 ملزمان ہلاک ہو گئے۔ سی سی ڈی ذرائع کے مطابق کاہنہ میں سی سی ڈی کو موٹر سائیکل سواروں کی جانب سے لوٹ مار کی (بقیہ نمبر 4)

چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد کی ضلع باجوڑ میں دھماکے کی شدید مذمت

دہشتگرد امن وسلامتی کے دشمن ہیں اور وہ نہیں چاہتے کہ پاکستان ترقی کرے اور دنیا میں سرخرو ہو۔"

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی ملاح نے فوائی میں ہونے والے دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ دھماکے میں اسسٹنٹ کمشنر ذوالفقار علی (پی ٹی آئی) کی چیئرپرسن ویمن پارلیمنٹیرین فار پیس اینڈ سیکیورٹی سینیٹر روبینہ خالد نے ضلع باجوڑ کے (بقیہ نمبر 3)

عوام سے کیا ہوا..... ایک اور وعدہ پورا، جون میں 50 ہزار سے زائد گھروں کا ٹارگٹ پورا

حکومت وعدوں کی تکمیل کیلئے پرعزم ہے: وزیراعلیٰ پنجاب

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شاندار پراجیکٹ تیزی سے کامیابی کی طرف گامزن، ملک کی تاریخ میں عوام کے گھر بنانے کا ریکارڈ قائم کیا، اپنے ریکارڈ خود ہی توڑیں گے مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شاندار پراجیکٹ اپنی چھت، اپنا گھر منصوبہ کامیابی کی سمت گامزن ہے۔ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ مستحق افراد کو فراہم کئے گئے ہیں۔ حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت مکان بنانے کے لئے 51911 سے زائد قرضہ جاری کیے گئے، پراجیکٹ کے تحت مختصر مدت میں 57 ارب 90 کروڑ روپے کے قرضے مستحق خواتین کو دیئے گئے۔ چند ماہ کی قلیل مدت میں 50 ہزار سے زائد گھروں کی تعمیر مکمل ہو گئی جبکہ مجموعی طور پر 57 ارب 90 کروڑ روپے کے لون کا اجراء ہو چکا ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت 90 کروڑ روپے کے لون کا اجراء ہو چکا ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت 5293 مکانوں کی تعمیر (بقیہ نمبر 9)

جنوبی افریقہ کی فضائیہ کے سربراہ کا ایئر ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

جنرل وائز مین سیموماہو کا جنوبی افریقا کے سی 130 طیاروں کی جانچ، مرمت پاکستان سے کروانے میں دلچسپی کا اظہار

لیفٹیننٹ جنرل وائز مین سیموماہو نے پاک فضائیہ کی جانب سے شاندار مہمان نوازی پر ایئر چیف کا تہہ دل سے شکریہ ادا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) جنوبی افریقہ کی فضائیہ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل وائز مین سیموماہو نے آج ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کے دورے کے دوران سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سوہو سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران، سربراہان نے پیشہ ورانہ دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں فضائی افواج کے مابین تعاون کے فروغ پر اتفاق کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل وائز مین سیموماہو کی آمد پر پاک فضائیہ کے ایک چاق و چوبند دستے نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ملاقات کے دوران چیف (بقیہ نمبر 6)

جنوبی افریقی فضائیہ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل وائز مین سیموماہو کو گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے

جنوبی افریقی فضائیہ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل وائز مین سیموماہو کی ایئر ہیڈ کوارٹرز آمد، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سوہو سے ملاقات کر رہے ہیں

مری، معمولی تکرار پر 2 گروپوں میں فائرنگ اور پتھراؤ

شدید فائرنگ سے وہاں آئے سیاحوں اور ان کی فیملیز میں خوف وہراس پھیل گیا

مری (این این آئی) پنجاب کے ضلع مری میں معمولی تکرار پر 2 گروپوں کے درمیان فائرنگ اور پتھراؤ کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق جی پی او چوک میں دونوں گروپوں کے افراد کی جانب سے جدید اسلحے سے 3 گھنٹوں (بقیہ نمبر 10)

حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم گرفتار

گرفتار ملزم سیالکوٹ روپے مالیت کی غیر ملکی کرنسی برآمد ہوئی ہے، ترجمان

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) بلوچستان زون نے حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزمان کے (بقیہ نمبر 1)

ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت اہم اجلاس

اسلام آباد کے شہریوں کو سی ڈی اے کی سہولیات کی بہتر اور آن لائن آسان انداز سے فراہمی کیلئے جہاں کوشاں ہے

سی ڈی اے اور پی آئی بی کے حلقہ اثر اسلام زوم میٹنگز کے ذریعے ایک دوسرے کے منصوبوں کے بارے میں آگاہی دی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سی ڈی اے، چیف کمشنر اسلام آباد اور ڈی جی سول ڈیفنس محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سی ڈی اے بورڈ کے ممبران بذریعہ زوم لنک شرکت کی۔ اجلاس میں سی (بقیہ نمبر 6)

چیئرمین نبیل یوسف نے اپنے حلقہ اثر اسلام آباد اور ڈی جی سول ڈیفنس محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرمین سی ڈی اے، چیف کمشنر اسلام آباد اور ڈی جی سول ڈیفنس محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سکائی گارڈن (Block-A) میں پلاٹس کے Possession کا آغاز

وفاقی وزیر ذراعت ہاؤسنگ وتعمیرات ریاض حسین پیرزادہ نے آج سکائی گارڈنز (بلاک اے) کے الاٹیز کو پوزیشن لیٹرز دیئے ہیں

FGEHA اس وقت بلاک A کے تحت تقریباً 250 کنال رقبے پر مکمل ترقیاتی کام کے بعد پلاٹس کا قبضہ دینے جا رہی ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ایف جی ای ایچ اے کی جانب سے اسکائی گارڈن (Block-A) میں پلاٹس کے Possession کا آغاز ایک اہم سنگ میل وفاقی وزیر ذراعت ہاؤسنگ وتعمیرات جناب ریاض حسین پیرزادہ صاحب نے آج مورخہ 3 جولائی 2025 کو سکائی گارڈنز بلاک اے) کے الاٹیز کو پوزیشن لیٹرز دیئے ہیں۔ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (F G E H A) اور (بقیہ نمبر 17)

اسکائی گارڈن (Block-A) کا خوبصورت بیرونی منظر

وزیراعلیٰ مری سے واپسی پر فیلڈ ہسپتال دیکھ کر رک گئیں، اچانک معائنہ

عوام کی سہولت کیلئے اب فیلڈ ہسپتال خود چل کر ان کی دہلیز تک پہنچ چکا، فیلڈ ہسپتال اور کلینک آن ویل کا دائرہ کار بڑھا دیا جائیں گے مریم نواز

فیلڈ ہسپتال میں تعینات ڈاکٹر طبی عملے سے بات چیت، طبی ٹیسٹ، ادویات کی مفت فراہمی اور ورکنگ کے بارے میں تفصیلات حاصل کیں

15 سال تک کے بچوں کو انسداد پولیو انجکشن لگانے کا فیصلہ

پہلے مرحلے میں کراچی، لاہور، پشاور میں بچوں کو پولیو ویکسین انجکشن لگائے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) انسداد پولیو کے ماہی حکومت نے وائرس پر قابو پانے کیلئے 15 سال تک کے بچوں کو پولیو (بقیہ نمبر 9)

اداروں کے پاکستان سے ڈومور کے مطالبے پر

فجی نیشنل یونیورسٹی کے وفد کا NARC کا دورہ

پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل ملک کے زرعی شعبے کو جدید بنانے کے لیے انقلابی اقدامات کر رہی ہے

وفد نے پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (PARC) کے چیئرمین ڈاکٹر غلام محمد علی کے ساتھ ملاقات کی

وفد کا دورہ آبپاشی کی جدید تکنیک، سمارٹ فارمنگ کے طریقوں، زراعت میں مصنوعی ذہانت کا کردار، اور ڈیری فارمنگ میں پیشرفت پر مرکوز تھا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) فجی نیشنل یونیورسٹی کے وفد کا پاکستان کے ساتھ زرعی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے تحقیقاتی کونسل (NARC) کا دورہ جنوبی پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل ملک کے زرعی شعبے کو جدید بنانے کے لیے انقلابی اقدامات کر رہی ہے۔ فجی نیشنل یونیورسٹی (FNU) کے چائرمین ڈاکٹر ذوالفقار اسلام آباد میں قومی زرعی تحقیقاتی مرکز (NARC) کا دورہ۔ وفد نے (بقیہ نمبر 8)

چیئرمین پی ایم آر سی ڈاکٹر غلام محمد علی، فجی نیشنل یونیورسٹی کے اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ قومی زرعی تحقیقاتی مرکز اسلام آباد میں ایک میٹنگ میں موجود ہیں

بھارت اور اسرائیل کی صلاحیتیں چیک ہو چکی ہیں، خواجہ آصف

افغان حکومت اپنی سرزمین پر دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کرے، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بھارت اور اسرائیل کی صلاحیتیں چیک ہو چکی ہیں، افغان حکومت اپنی سرزمین پر دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کرے، پی ٹی آئی دور میں باہر دہشتگرد اس لیے کامیاب نہیں ہوا کرتے (بقیہ نمبر 3)

مخصوص نشستوں کی بحالی کے بعد قومی اسمبلی میں بھی نمبر گیم تبدیل

حکومتی اتحاد کو واضح برتری حاصل ہو گئی ہے، میڈیا رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) کی جانب سے مخصوص نشستوں کی بحالی کے بعد قومی اسمبلی میں بھی نمبر گیم تبدیل ہو گیا ہے اور حکومتی اتحاد کو واضح برتری حاصل ہو گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ کے فیصلے (بقیہ نمبر 4)

تیرا نے ملک بھر میں بجلی کے بنیادی ٹیرف میں کمی کر دی

ماہانہ 50 یونٹ تک لائف لائن صارف کا ٹیرف 3 روپے 95 پیسے فی یونٹ پر برقرار

کراچی (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے یکم جولائی سے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں کمی کر دی۔ جی ٹی وی کے مطابق وفاقی حکومت کی درخواست پر نیپرا نے گزشتہ روز ملک بھر کے لیے یکساں بنیادی ٹیرف پر سماعت کی تھی۔ (بقیہ نمبر 5)

اب اپنی میٹر ریڈنگ خود اپ لوڈ کریں اور میٹر ریڈر کے تاخیر سے آنے یا اوور ریڈنگ کے مسئلے سے نجات پائیں

فوائد:
• بروقت ریڈنگ کے ساتھ درست بل کا حصول
• پروٹیکٹیڈ کنزیومرز کیلئے سبسڈائزڈ سلیب برقرار رہنے کا اطمینان
• اوور بلنگ سے نجات

طریقہ کار:
• اپنا میٹر اپنی ریڈنگ آپشن میں جائیں
• اپنا کنزیومر نمبر درج کریں
• اپنی ریڈنگ کی مقررہ تاریخ پر میٹر کی واضح تصویر لیں
• میٹر ریڈنگ کی تصویر اپ لوڈ کریں

صارفین کو ملے سہولت، نظام میں آئے شفافیت

GET IT ON Google Play — Download on the App Store — پاور سمارٹ ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے ایپ گوگل پلے یا ایپ سٹور پر جائیں اور اپنی لائف سمارٹ بنائیں

POWER SMART

www.power.gov.pk /powerdivision @MoWP15 @moepowerdivisionofficial moepowerdivision

URAAN PAKISTAN

وزیراعظم شہباز شریف کا روشن پاکستان وژن

سمارٹ دور سمارٹ سوچ

پاور سمارٹ موبائل ایپ

PITC

وزارت توانائی پاور ڈویژن حکومت پاکستان

PID (I) 14-D/25

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

گھریلو سوئی گیس کے ناقابلِ برداشت فکسڈ چارجز

وفاقی حکومت نے گیس کے نرخوں پر نظرثانی کرتے ہوئے رواں ماہ جولائی 2025ء سے گھریلو گیس کے فکسڈ چارجز متعین کر دیئے ہیں۔ اس سلسلہ میں باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے جس کے تحت پروٹیکٹڈ گھریلو صارفین کے لئے فکسڈ چارجز چار سو روپے سے بڑھا کر چھ سو روپے مقرر کئے گئے ہیں جبکہ نان پروٹیکٹڈ صارفین کے لئے گیس کے نرخ پانچ سو روپے سے بڑھا کر چار ہزار 200 روپے مقرر کر دیئے گئے ہیں۔ اسی طرح نان پروٹیکٹڈ گھریلو، کمرشل اور صنعتی صارفین کے لئے فکسڈ چارجز کے ساتھ ساتھ گیس کی قیمت میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ گیس صارفین کو پروٹیکٹڈ اور نان پروٹیکٹڈ کی اصطلاحات میں ہی نہیں الجھایا گیا، ان پر ہر پھیر سے نرخوں میں اضافے کا مزید بوجھ بھی ڈالا گیا ہے۔ جیسے 15 میٹر سے زائد گیس استعمال کرنے والے نان پروٹیکٹڈ صارفین پر تین ہزار روپے فکسڈ چارجز عائد کئے گئے ہیں۔ روٹی کے تندوروں کے لئے گیس کے نرخ 110 روپے سے 700 روپے تک فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کئے گئے ہیں جبکہ جنرل انڈسٹری کے لئے گیس کے نرخ 200 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر ہوئے ہیں۔ دوسری صنعتوں کے لئے بھی گیس کے نرخ ایک ہزار پانچ سو روپے تک مقرر کر دیئے گئے ہیں۔ یہ طرفہ تماشہ ہے کہ شہریوں کے لئے گیس کی سہولت کو تدریج کم ہو رہی ہے اور موسم سرما میں تو گیس کی بدترین لوڈ شیڈنگ کا سامنا رہا ہے۔ اس کے برعکس گیس کے نرخ مسلسل بڑھائے جا رہے ہیں جبکہ عام آدمی پہلے ہی بجلی اور دوسرے یوٹیلٹی بلوں کے ناروا بوجھ تلے دبا ہوا ہے۔ حکومت ایک جانب تو مہنگائی میں کمی کے دعوے کرتی ہے اور دوسری جانب کسی نہ کسی مد میں نرخ بڑھا کر عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ ڈالتی چلی جا رہی ہے۔ اس صورت حال میں عوام حکمرانوں کے گن گانے کے بجائے انہیں کوسنے دیتے ہی نظر آئیں گے۔ آج عوام کو سب سے زیادہ مہنگائی میں ریلیف کی ضرورت ہے جس کے ملنے کا حکومتی پالیسیوں کے تحت کوئی امکان نظر نہیں آ رہا۔

سانحہ سوات



احساس

ناز پروین

بقلم: فاطمہ سرور

دو ماہ سوات جیسے پاکستان کا "سوئٹزرلینڈ" کہلایا جاتا ہے۔ اپنے قدرتی حسن اور خوبصورتی کی وجہ سے سیاحت کا مرکز بن گئے ہے۔ مگر کیا سیاحت اپنی جان سے زیادہ عزیز ہے؟ اگر ہاں تو پھر ہاتھ ملایئے آپ بھی اس قوم میں شامل ہیں جو حکومت اور حکومتی اداروں کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑے ہیں۔

گزشتہ کئی دنوں سے خیبر شمسی نرخوں کا مرکز بنی ہوئی ہے کہ سیالکوٹ سے آنے والے سیاح وادی سوات کے ندی میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔ جن میں ایک ہی خاندان کے 18 افراد تھے، اہل بن گئے۔ یہ خبر واقعی دلسوز ہے۔ اگر کسی خاندان کا ایک فرد دنیا سے جا چلا جائے تو کتنے دن وہ گھر سوگوار رہتا ہے۔ یہاں تو پوری 18 جانیں یک دفعہ پانی کی نذر ہو گئیں۔

سانحہ، واقعی ہی دل کو اداس کر گیا۔ اور یہ اس خاندان کے لئے بہت ہی ناقابل برداشت واقعہ ہوگا۔ کوئی صبح سلامت نکلے تھے اور واپسی پر ان کی لاشیں ملیں ہوں گی تو یقیناً ان کا دل بند ہوا ہوگا۔ دنیا والے تو صرف تعزیت کرتے، دو تین لفظ افسوس کے کہہ کر اپنا نام کما لیتے۔ مگر اصل امتحان تو پیچھے بچے ان افراد کا ہے جن کو اجڑ کر بلوٹ ہو گئے۔

پھر سوال اٹھے کہ حکومت یا ادارے کیوں ان کی مدد کو بروقت نہ پہنچ سکے؟ یا ایک اور لمبی بحث ہے۔ بہت سے لوگوں نے تو حکومت تک کو گالیاں بھی دیں۔ کیسی نظام حکومت ہے؟ اور کیوں ہم اپنے اللہ سے رشتے کو برقرار رکھتی ہیں، تو مہوش حیات نے کہا کہ یقین ہے میرا اللہ سے ایک گہرا تعلق ہے اور یہی وہ رشتہ ہے جس نے مجھے ہمیشہ سنبھالا ہے۔

کریلا: وزن میں کمی کیلئے انتہائی مفید سبزی

ڈاکٹر دارشی تبسم ہوتی بلکہ اپنے اندر ایسی صفات رکھتی ہے جس سے انسانی جسم پر اچھے اثرات بھی مرتب ہوتے ہیں، موسم گرما میں مشروبات اور غلط سے پانی کے بکثرت استعمال سے معدے کی رطوبت کو کمزور پہنچاتی ہے۔ کریلا اس کے لئے موثر غذائی و دوائی اقادیت کا حامل ہے 100 سے لیکر 250 گرام تک سالم کریلے کو کٹ کر ان کا پانی دو تین دفع استعمال کرنے سے معدے کا عمل درست ہوجاتا ہے جنکی کٹاتا ہونے کے سبب کریلا انسانی جسم سے ہر قسم کے زہروں اور مرکے فاسد مادوں کو بتدریج خارج کرتا ہے۔ موسم گرما میں کئی امراض وبائی صورت اختیار کر جاتے ہیں جیسا ان میں سے ایک ہے پیٹ کے انتڑیاں مراض میں کریلے چھن اور پیازکا جوس دو چائے کے چمچے اور ایک چائے کا پھچ پھٹوں کا رس ملا کر پینا مفید ہے۔ کریلے کا پانی۔۔۔۔جگر کے تمام امراض میں کریلوں کا پانی مفید ہے۔

رباط دلنشیں!!

ناز پروین

دھوئے کو بھی نہیں ملا۔ مراکش بربر عربی اور یورپی ثقافت کے امتزاج کا حامل ملک ہے جس کا اثر اس کی طرز تعمیر میں بھی نظر آتا ہے۔ یہاں کی مساجد میں کہیں بھی گول گنبد نہیں ہے بلکہ مربع شکل کے چند مساجد کی نشانی ہیں۔ یہاں ایک جگہ۔ مساجد میں جن کے ساتھ اکاشا کا بورڈ آویزاں دیکھا جہاں اوپر جا کر خواتین کے لیے نماز کا اہتمام تھا۔ قدیم رباط اور جامع مسجد بھی گرد کے پردے لپٹے ہوئے دیکھے۔ ایک کنواں اونٹ کا پورا سر بھون کر نکال رکھا تھا۔ جس سے گوشت اتارا نا کر شکار اور برگر کے انداز میں پیش کیا جا رہا تھا۔ چلوں کی دکانیں بھی بڑی پرکشش تھیں۔ مالٹے کیلے انار انگور انجیر سب ناشتائی مجور ہے نظر آئے۔ یہاں کے لیموں مالٹے کے سائز کے برابر تھے۔ برگیکا چالوں کا رس میسر تھا۔ یہاں کے کھانے لذیذ تو تھے لیکن کسی قسم کے مصالحے سے عاری۔۔۔ یعنی ہمارے حساب سے بالکل پھیکے۔۔۔ قدیم رباط بھی مدینہ میں چلنے پھرنے سمندر کے کنارے ایک قدیم قلعے میں داخل ہوا جس کے کنارے ایک قدیم قلعے میں داخل ہوا جس کے بارہویں صدی کا قلعہ ڈیاس ہے۔ اس کے قریب ایک عجائب گھر بھی ہے جو ماضی کے بادشاہ کے محل میں واقع ہے۔ اس کے باہر بہت خوبصورت بنزہ زار تھا جہاں خوشبودار پھول اور پودے ہوا کو معطر کر رہے تھے۔ وہاں پر ایک قبر جس کو پڑھا گیا کہ اس بادشاہ نے کوشش کی کہ زمین پر جنت کی طرح کا باغ بنا لے۔۔۔ اس سے تھوڑا آگے دریا کے اوپر میں پرتو خانہ بنا تھا جہاں غیر ملکی سیاحوں کی بڑی تعداد دیوروں کے گرد بیٹھی تھے اور مراکش کی روایتی مصالحوں سے لطف اندوز ہو رہی تھی۔ ویٹرز نے مراکش کا روایتی لباس پہن رکھا تھا۔ سر پر زری ٹوپی سے ملتی جلتی ٹوپی پہن رکھی تھی۔ سمندر کی تازہ ہوا میں پیشگر مراکش کا نغمہ بجایا جا رہا تھا۔ میں نے بھی اس قبیلہ کا لطف اٹھایا۔ چائے دانی کا ڈھکن اٹھایا تو پودینے کے بڑے بڑے پتوں سے بھرا تھا جس کا ذائقہ اس لذیذ قہوے میں نمایاں تھا۔۔۔ رات کو مراکش کے شہرکا۔ کے اعزاز میں مراکش کی حکومت کی جانب سے عشائیے کا اہتمام تھا۔ یہاں آکر اندازہ ہوا کہ مراکش کے لوگ میٹھے کے کتنے شوقین ہیں۔ کھانے سے پہلے ہی دیڑ باری باری مختلف قسم کی مٹھائیاں پیش کرتے۔ تھوڑی دیر میں ہر میز پر کیک بڑا تھال ڈھکا ہوا رکھا گیا۔ اس میں سیویوں اور خشک میوہ جات کی پرتوں میں پکین سجا تھا تعریف کی بات یہ کہ یہ ڈش بھی میٹھی تھی۔ تھوڑی دیر کے بعد چاولوں کے تھال لائے گئے جو مارے کا ہلکی پلاؤ سے ملتے جلتے تھے فرق صرف اتنا کہ اس میں کئی میٹھی کشش اور خشک میوہ جات کی مقدار بہت زیادہ تھی۔ آخر میں سب کو آتش کریم پیش کی گئی۔ گویا آغاز سے اختتام تک میٹھا ہی میٹھا۔۔۔ اس دورے کے دوران اپنے شوہر اجمد عزیز ملک کے ہمراہ مراکش میں قیام پاکستان کے سفیر جناب سید عادل گیلانی سے ملاقات کی شرف بھی حاصل ہوا۔ موقع سفارت خانے میں داخل ہوئے سبز ہلالی پرچم دیکھ کر دل سرشار ہو گیا۔ سید عادل گیلانی ایک سفیر سفارت کار ہیں۔ وہ ڈائسپورہ کی اہمیت سے بخوبی آگاہ ہیں۔ وہ ڈائسپورہ کی اہمیت سے عرصہ وابستہ رہے۔ ہمارے سفارت بڑی شفقت سے پیش آئے۔ اور مراکش کے بارے میں کافی دلچسپ معلومات بھی فراہم کیں۔ انہوں نے بتایا کہ یہاں کی معیشت کا زیادہ تر انحصار زرعی معنوعات پر ہے جنکہ فاسفیٹ بھی بڑی مقدار میں پائی جاتی ہے۔ یہاں کی آبادی کا ذیادہ تر حصہ قدامت پسند اور اسلامی شعائر کی پابندی کرتا ہے جب کہ نوجوان مغربی معاشرے کی تقلید کرتی نظر آ رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مراکش اور پاکستان کے سفارتی تعلقات بہت مضبوط ہیں۔ میں نے اپنا سفرنامہ انہیں پیش کیا۔ میں ایک میں الاقوامی تنظیم انرمیل سے بھی وابستہ ہوں۔ جس کے 104 ممالک میں فاؤنڈیشن ہیں۔ رباط میں قائم انرمیل کی کمیران سے پاکستان سے بھی رابطہ کیا جا چکا تھی۔ وہ بھی ملنے کے لیے آئیں۔ ویپ بات کرنے انہیں انگلش نہیں آتی تھی اور مجھے عربی اور فرنچ۔۔۔ گویا زبان یار میرے تیری و میری کی دام

لیکن پھر بھی فوٹی پھولی انگلش میں اور اشاروں سے تمام کام چلایا۔ انہوں نے مجھے رباط کے شہری سیر کروائی۔ یہ تیسرا خواتین عمر رسیدہ اور کسی نہ کسی شعبے سے وابستہ تھیں۔ ان کا دور باہر تعلیم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک چیئرمین بھی تھیں۔ ہم نے آپس میں تحائف کا تبادلہ کیا انہوں میری سوانحی کتاب کی تعریف کی۔ میں شاید بے حد پسند آئیں اور میرا پاکستانی طلوع نیشن بھی۔ ان کے بے حد پوپ اور امریکہ میں سیٹل تھے انہوں نے بتایا کہ بھی آدمی کی آبادی کا ذیادہ تر رہنا چاہتی چونکہ یورپ یہاں سے بہت نزدیک ہے اس لیے وہ اعلیٰ تعلیم کے لیے یورپ جایا کرتے ہیں اور پھر وہیں بس جاتے ہیں۔ جدید رباط یورپ کے کسی شہر کی مانند ہے۔ بلند و بالا عمارتیں ٹرانسپورٹ کا جدید نظام اور صفائی کی بہترین صورتحال۔ گھنے ہرے درختوں کی قطاریں۔ جن کے پیچھے بلا جھاتی پڑے ہوئے جہاں سر شام لوگ اپنی ٹیملیز اور دوستوں کے ہمراہ بیٹھے نظر آتے ہیں۔ جدید کیفے خیلی نسل کے پسندیدہ مقامات میں سے ہیں۔ قدیم اور جدید کا حسین امتزاج رباط کا یہ شہر اپنے حسن خوش اخلاق لوگوں نیلگوں سمندر قدیم عمارتوں اور خوشگوار ہواؤں میں جھومتے جھامتے دوستوں کے ساتھ ہمیشہ کے لیے میری یادوں کا حصہ بن گیا۔

SHOWBIZ شوبز

اداکارہ علیرے شاہ ایک بار پھر سوشل میڈیا پر چہ میگوئیوں کا مرکز بن گئی

علیرے کے بولڈ انداز کے جائزے ان کی ذاتی زندگی کے ایک نئے پہلو نے سب کو حیران کر دالی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ علیرے شاہ ایک بار پھر سوشل میڈیا پر چہ میگوئیوں کا مرکز بن گئی ہیں، لیکن اس بار ان کے بولڈ انداز کے بجائے ان کی ذاتی زندگی کے ایک نئے پہلو نے سب کی توجہ اپنی طرف مبذول کروالی ہے۔ حال ہی میں انسٹاگرام پر شیئر کی گئی اسٹوریز میں علیرے کو ایک نامعلوم شخص کے ساتھ وقت گزارتے دیکھا گیا، جس نے فیمز کے درمیان تجسس کی لہر دوڑا دی۔ ایک اسٹوری میں علیرے کو پیاری اسٹوری میں کہتے ہوئے دیکھا گیا، جس کے ساتھ انہوں نے دو ننھے دل کے ایموجیز بھی شامل کیے تھے۔

گھریلو ملازمہ نے میرے گھر سے چیزیں چرائیں، اداکارہ ندا یاسر

ملازمہ ہمارے گھر سے موبائل فون اور دیگر چیزیں اٹھا رہی تھی اور ہمیں پتا ہی نہیں چلتا تھا

لاہور (این این آئی) اداکارہ و میزبان ندا یاسر نے اپنے گھر میں کام کرنے والی گھریلو ملازمہ کے گھر سے چیزیں چرانے کا انکشاف کیا۔ حال ہی میں انہوں نے اپنے پروگرام میں گھریلو ملازمین کے چوری میں ملوث ہونے کے حوالے سے گفتگو کی اور اپنے گھر میں چوری کی واردات کا قصہ بھی سنایا۔ ندا یاسر نے بتایا کہ اپنے شوٹ کی وجہ سے میں مصروف رہتی تھی اور اس دوران میرا بیٹا چھوٹا تھا تو میں نے ملازمین کو تعلق رکھنے والی ایک کام کرنے والی ملازمہ رکھی، جس میں پرعورت کر تی تھی اور مجھے لگتا تھا یہ چور نہیں ہوتے، دو سال تک وہ گھر میں رہی۔

عامر خان کی اداکاری میں بہتری کی گنجائش موجود ہے، گرل فرینڈ گوری سپرٹ

گوری نے میری زیادہ تر فلمیں نہیں دیکھی ہیں، یہ میری فلمیں بہت کم دیکھتی ہیں، عامر خان



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ سپر اسٹار عامر خان کی گرل فرینڈ گوری سپرٹ نے کہا ہے کہ میں نے عامر خان کی بہت سی فلمیں نہیں دیکھی ہیں لیکن میں محسوس کرتی ہوں کہ ان کی اداکاری میں بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ بھارتی میڈیا کی جانب سے عامر خان سے انٹرویو کے دوران گوری سپرٹ پروگرام کے ایک سکیٹ میں شامل ہوئیں جس میں حاضرین کی جانب سے سوالات کیے گئے۔ اس موقع پر گوری سے پوچھا گیا کہ ان کی عامر خان کی فلموں کے بارے میں کیا رائے ہے تو انہوں نے کہا کہ میں سمجھتی ہوں کہ ان کی اداکاری میں مزید نکھار کی گنجائش موجود ہے۔

فاسٹ اینڈ فیوریس 11 کو اپریل 2027 میں ریلیز کیا جائے گا

دیولپ کیا۔ فیملیوں میں ماحول سے بات کرتے ہوئے وِن ڈیزل نے فاسٹ اینڈ فیوریس 11 کے بارے میں بات کی جو کہ اس سیریز کی آخری فلم بھی ہے۔ انہوں نے اشارہ دیا کہ سیریز کی آخری فلم بھی وِن ڈیزل کے کردار کی واپسی ہو سکتی ہے۔ وِن ڈیزل نے بتایا کہ فاسٹ اینڈ فیوریس 11 کو اپریل 2027 میں ریلیز کیا جائے گا۔

جاوید شیخ کا نادیہ خان اور عمر عادل کو کرارا جواب

میری نظر میں ایسی تنقید جس کا مقصد صرف تنقید ہو،

جاوید شیخ کا نادیہ خان اور عمر عادل کو کرارا جواب کراچی (این این آئی) جاوید شیخ نے نادیہ خان اور عمر عادل کو کرارا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ تنقید برائے تنقید کی کوئی حیثیت نہیں۔ پاکستانی فلم ڈی وی ڈی کے سینئر اداکار، ہدایتکار اور پروڈیوسر جاوید شیخ حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں شریک ہوئے، جہاں انہوں نے نادیہ خان، عمر عادل اور دیگر ناقدین کے غیر ضروری تبصروں پر دو ٹوک ردعمل دیا۔ پوڈکاسٹ میں جاوید شیخ نے اپنے تجربات اور موجودہ ڈرامہ ریجیڈی پر ہونے والی تنقید کے بارے میں مکمل کرارا کہا کہ ان۔

اللہ سے میرا رشتہ ہمیشہ مضبوط رہا ہے، اداکارہ مہوش حیات

شوبز کی چکا چوند اور دنیاوی شہرت کے باوجود میرا روحانی رشتہ کبھی کمزور نہیں ہوا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی نامور اداکارہ مہوش حیات نے کہا ہے کہ اللہ سے میرا رشتہ ہمیشہ مضبوط رہا ہے۔ اداکارہ نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں اپنے روحانی سفر سے متعلق کھل کر بات کی۔ مہوش حیات جن کے کریڈٹ پر دل لگی، من چلی، میرے تو اس میرے دلدار جیسے ڈرامے اور جوانی پھر نہیں آنی، پنجاب نہیں جاں گی اور لندن نہیں جاں گی جیسی بلاک بسٹر فلمیں شامل ہیں، وہ اب 5 سال بعد جیو ٹی وی کے ڈرامہ آئنہ کے ذریعے ٹی وی اسکرین پر واپس آئی ہیں۔ انٹرویو کے دوران جب ان سے پوچھا گیا کہ وہ اپنے اللہ سے رشتے کو کیسے برقرار رکھتی ہیں، تو مہوش حیات نے کہا کہ یقین ہے میرا اللہ سے ایک گہرا تعلق ہے اور یہی وہ رشتہ ہے جس نے مجھے ہمیشہ سنبھالا ہے۔

کام کے بدلے ناجائز مطالبات مہر بانو کا شوبز انڈسٹری میں ہراسانی کا انکشاف

اکثر لڑکے کی پالیسیاں دونوں کو ہراسانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اداکارہ رقاصہ مہر بانو

لاہور (این این آئی) شوبز کی چمک دمک کے پیچھے چھپے ہراسانی کے سائے پر پاکستانی اداکارہ رقاصہ مہر بانو نے کھل کر بات کی ہے۔ گیسٹ ہاؤس کی اسٹار اور بیرون ملک مقیم پاکستانی فنکارہ مہر بانو نے انکشاف کیا ہے کہ فنکاروں کو کام دینے کے عوض بڑی بڑی ڈیمانڈز اور ناجائز مطالبات کیے جاتے ہیں، اور اس انڈسٹری میں اکثر لڑکے اور لڑکیاں دونوں ہی ہراسانی کا سامنا کرتے ہیں۔ مہر بانو، جو اپنی بے باک شخصیت اور جرات مندانہ بیانیے کے باعث سوشل میڈیا پر ہر طرف موجود رہتی ہیں۔

SPORTS سپورٹس

ڈھاکہ: اختر بڑک جیرٹ کپ میں بنگلہ دیش اور بھوٹان کے مابین ہونے والے میچ کا ایک منظر، بھوٹان کا کپتان سونم تشرنگ ٹاس کے لیے جا رہا ہے۔ (فوٹو: این این آئی)

ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کپ، پاک بھارت ٹاکرا 20 جولائی کو ہوگا

قومی ٹیم یونس خان کی قیادت میں این ایکشن گیمز انگلینڈ میں شیڈول ہے

انگلسٹن (این این آئی) ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کپ کا میلہ انگلینڈ میں کھیلا جائے گا جہاں پر قومی ٹیم یونس خان کی قیادت میں این ایکشن میچ 18 جولائی کو پہلے میچ میں میزبان انگلینڈ سے سامنا ہوگا۔ پاک بھارت کا ٹاکرا 20 جولائی کو انگلسٹن میں شیڈول ہے۔ کرٹ شائقین کے لیے بڑی خوشخبری، ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کپ کا میلہ انگلینڈ میں سجے گا جہاں پر، دنیا بھر سے کرکٹ کے عظیم لیجنڈز کرکٹ کے مداح دنیا بھر میں موجود ہیں، مگر اس بار ان کی ایک 98 سالہ پرجوش نوجوان نے اپنے دیوانے کو مزید سرپرائز کر دیا۔ یہ کھلاڑی کوئی اور نہیں بلکہ مسٹر گرینی کے لقب سے مشہور بزرگ خاتون نے جنہوں نے اپنی سوشل میڈیا پر پذیرائی کا ثبوت دیا۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب انگریزی فیفا کلب ورلڈ کپ کے گروپ اے کے آخری میچ میں پالیرام کے مدمقابل تھے۔ میچ کے آغاز سے قبل شائقین کا مداح اپ کر رہے تھے، ان کی نظر ایک منفرد بینر پر پڑی جس پر جاذب نظر الفاظ درج تھے کہ "جیسی، کیا آپ مجھ سے شادی کریں گی؟" یہ پیغام کسی نوجوان مداح کا نہیں بلکہ 98 سالہ پالین کیٹا کا تھا۔

شارجہ میں میانداد کے چھکے نے عامر خان کی شادی کیسے خراب کی؟

ملاقات پر کہا کہ "جاوید بھائی، آپ نے ٹھیک نہیں کیا! آپ نے میری شادی برباد کر دی

نئی دہلی (این این آئی) بالی وڈ کے سپر اسٹار عامر خان نے حال ہی میں انکشاف کیا ہے کہ پاکستان کے سابق کپتان جاوید میانداد نے شارجہ میں بھارت کے خلاف لگائے تاریخی چھکے نے ان کی شادی خراب کر دی تھی۔ مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان نے بھارتی ڈیجیٹل پلیٹ فارم کراٹر ویو سے دیے گئے اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کے بارے میں مکمل کہرات کی۔ جس میں انہوں نے خاص طور پر اپنی پہلی شادی سے متعلق تفصیل سے گفتگو کی۔ عامر خان نے بتایا کہ پاکستان 1986 میں انہوں نے 21 سال کی عمر میں گھر والوں کو بتائے بغیر ریتا نے کوٹ میرج کی۔ ہم نے فیصلہ کیا کہ یہ شادی صرف کاغذی ہوگی اور اس بارے میں ہم کسی کو نہیں بتائیں گے

4 رکنی قومی اسنوکر ٹیم بحرین میں ایونٹس میں شرکت کرے گی

محمد آصف ورلڈ 6 ریڈ اور ماسٹرز ایونٹ میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے

اٹلز-97، اٹلز-21، ماسٹرز اسنوکر سلس ریڈ میچز اسنوکر چیمپئن شپ میں حصہ لیں گے۔ 3 مرتبہ کے عالمی چیمپئن اور متعدد دیگر بین الاقوامی اور قومی ٹائٹلز جیتنے والے محمد آصف ورلڈ 6 ریڈ اور ماسٹرز ایونٹ میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے، ان کے ساتھ موجود قومی چیمپئن شاہد اقتاب بھی ان دونوں ایونٹس کیلیے ایکشن میں ہوں گے۔

98 سالہ معمر خاتون نے لیونل میسی کو شادی کی پیشکش کر دی

مجھی، کیا آپ مجھ سے شادی کریں گے؟ 98 سالہ پالین کیٹا جنہیں پیار سے مسٹر گرینی کہا جاتا ہے



دوسرا رنر (این این آئی) 98 سالہ معمر خاتون نے لیونل میسی کو شادی کی پیشکش کر دی، جس کے بعد فلائر کا دوسرا رونڈ فیچہ کا مرکز بن گیا۔ خلیل کے گلیمر کھلاڑی لیونل میسی کے مداح دنیا بھر میں موجود ہیں، مگر اس بار ان کی ایک 98 سالہ پرجوش فین نے سب کی توجہ اپنی جانب مبذول کروالی۔ مسٹر گینی کے لقب سے مشہور بزرگ خاتون نے میسی سے شادی کی دلچسپ پیشکش کر دی اس کے اسٹیڈیم اور سوشل میڈیا پر ہلچل مچا دی۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب انٹرمیاتی فیفا کلب ورلڈ کپ کے گروپ اے کے آخری میچ میں پالیرام کے مدمقابل تھے۔ میچ کے آغاز سے قبل شائقین کا مداح اپ کر رہے تھے، ان کی نظر ایک منفرد بینر پر پڑی جس پر جاذب نظر الفاظ درج تھے کہ "میسی، کیا آپ مجھ سے شادی کریں گے؟" یہ پیغام کسی نوجوان مداح کا نہیں بلکہ 98 سالہ پالین کیٹا کا تھا۔

4 ٹیموں کا ایشیا کپ 2025 کا ٹائٹل جیتنے کا دعویٰ

ایشیا کپ 2025 کا ٹائٹل جیتنے کا دعویٰ کرنے والی ٹیموں میں پاکستان بھی شامل

ایشیا کپ 2025 کا ٹائٹل جیتنے کا دعویٰ کرنے والی ٹیموں میں پاکستان بھی شامل ہے۔

لقیہ 1

سلامتی سے سالمہ سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ جاری تعلقات کو استوار کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ دورے کے دوران چیف آف ڈی ایچ سائف نے امریکہ کی اعلیٰ عسکری اور سیاسی قیادت سے کئی اہم ملاقاتیں کیں۔ وطاقا کون تھے، انہوں نے امریکی فضائیہ کی سٹریٹری برائے بین الاقوامی امور کیتھرین گیلی ایل سیمیلٹ اور امریکی فضائیہ کے چیف آف سٹاف جنرل ڈیوڈ ایلون سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران دوطرفہ عسکری تعاون، باہمی امور اور مشترکہ ترجیحات کو مزید تعاون کے لیے نئی راہیں استوار کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ سربراہ پاک فضائیہ نے پاکستان اور امریکہ کے مابین دفاعی تعاون پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے دونوں ممالک کی فضائیہ کے مابین عسکری تعاون اور تربیتی شعبوں میں پہلے سے موجود تعلقات کو مزید مضبوط کرنے اور اسے مزید کارآمد بنانے پر زور دیا۔ دونوں سربراہان نے تفصیلی گفتگو کے دوران خطے میں امنی اور عسکری تعلقات کے قیام پر بھی اتفاق کیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے مابین عسکری تعاون اور ٹریننگ شعبوں اور جنادل پر کورسیت مقف شعبوں میں تعاون کے لیے نئی راہیں استوار کرنے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے امریکی ٹیسٹ ٹیم ڈیفنس کے ایک دورے کے دوران، چیف ایئر بیف نے پورہ ڈیفنس پبلک ایڈمنسٹریشن اینڈ انسٹی ٹیوٹ فار ڈیفنس سٹڈیز کے ایک دورے کے دوران، ایئر بیف نے پورہ ڈیفنس پبلک ایڈمنسٹریشن اینڈ انسٹی ٹیوٹ فار ڈیفنس سٹڈیز کے

حکومت کا ملک بھر کے پیٹرول پمپس کو ڈیجیٹل کرنے کا پلان

سسٹم سے یہ معلوم ہوگا کس پیٹرول پمپ پر ٹینکر سے کتنا فیول آیا، اس پیٹرول پمپ پر کس مشین سے کتنا فیول ڈالا گیا

کتنی مالیت کی کس گاڑی یا موٹر سائیکل میں کتنا پیٹرول ڈالا گیا یہ بھی آن لائن ریکارڈ ہوگا، پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) حکومت نے ملک بھر کے تمام پیٹرول پمپس کو ڈیجیٹل کرنے کا پلان بنالیا تاہم پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے اسے مشکل ہدف قرار دیا ہے، ابتدائی طور پر کہا ہے کہ پیٹرول پمپ پر ٹینکر سے کتنا فیول آیا اس پیٹرول پمپ پر کس مشین سے کتنا فیول ڈالا گیا سب ریکارڈ ہوتا ہے، کتنی مالیت کی کس گاڑی یا موٹر سائیکل میں کتنا (بقیہ نمبر 2 0)

مون سون سیزن، سرگودہا شہر کو 14 سیکٹرز میں تقسیم کر دیا گیا

انتظامی افسران کو صفائی اور نکاسی آب کے انتظامات کی نگرانی کا حکم دے دیا گیا

لاہور (این این آئی) مون سون سیزن میں سرگودہا(این این آئی) سرگودہا شہر کو 14 سیکٹرز میں تقسیم کر کے انتظامی افسران کو صفائی اور نکاسی آب کے انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے سرگودہا شہر کو 14 سیکٹرز میں تقسیم کر کے انتظامی افسران کو صفائی اور نکاسی آب کے انتظامات کی نگرانی کا حکم دے دیا گیا تو تحصیل تحصیل کے انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے سرگودہا شہر کو 14 سیکٹرز میں تقسیم کر کے انتظامی افسران کو صفائی اور نکاسی آب کے (بقیہ نمبر 2 1)

اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر سٹرسلطان محمود چوہدری سے سابق ڈی آئی جی ڈائریکٹر جنرل قومی ادارہ انسداد دہشت گردی پاکستان ڈاکٹر خالد جہان طاقت آ رہے ہیں

گورنر سندھ نے فنانس بل پر دستخط کر دیے

فنانس بل میں موٹر سائیکل کو لازمی انشورنس کی شرط سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا ہے

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے سندھ فنانس بل کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی منظوری کے بعد سندھ فنانس بل کیم جولائی سے نافذ العمل ہوگیا ہے۔ فنانس بل میں موٹر سائیکل کو لازمی انشورنس کی شرط سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے گورنر سندھ کا کہنا ہے کہ تعلیم (بقیہ نمبر 2 4)

خواجہ سلمان رفیق کا محکمہ داخلہ کے کنٹرول روم کا دورہ

محرم الحرام حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا، متعلقہ حکام کی بریفنگ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق نے محکمہ داخلہ کے کنٹرول روم کا دورہ کیا۔ صوبائی سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق نے محکمہ داخلہ کے کنٹرول روم کا دورہ کیا۔ صوبائی سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، داخلہ امان علی جاماں علی، ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے کنٹرول روم میں محرم الحرام حفاظتی انتظامات کا (بقیہ نمبر 2 5)

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

گوجرخان شہر مسائل کی آماجگاہ بن گیا شہریوں کا اظہار تشویش

شہر میں سٹریٹ لائٹ کا نظام عرصہ دراز سے ناکارہ ہو چکا ہے، جس کے باعث رات کو گلی محلوں سے گزرنا دشوار ہو چکا ہے

گوجرخان شہر کی آبادی کی بوند بوند کو ترس رہی ہے لیکن نواحی آبادیوں کو دوزانہ کی بنیاد پر پانی میسر نہ ہے شہری

گوجرخان (قمرشہزاد) گوجرخان شہر کی آبادی انتظامیہ اور بلدیہ کی عدم دلچسپی کے باعث مسائلستان کا منظر پیش کر رہی ہے گوجرخان شہری آبادی پانی کی بوند بوند کو ترس رہی ہے لیکن نواحی آبادیوں کو دوزانہ کی بنیاد پر پانی میسر نہ ہے شہر میں سڑیٹ لائٹ کا نظام عرصہ دراز سے ناکارہ ہو چکا ہے جس کے باعث رات کو گلی محلوں سے گزرنا دشوار ہو چکا ہے بیشتر نواحی تجاوزات کے باعث گندا پانی سڑکوں پر بہتا ہے شہر میں باہر بھی ان جو لوگ ٹیکس نیٹ میں ہیں وہ بھی بڑے پیمانے پر اظہار رہنمائی کرتے ہوئے کہا کہ فاکٹر اور ان فاکٹر کے بجائے اب اہم اہلیت اور باصلیت کا پیمانہ لے

بہت سارے لوگ ٹیکس نیٹ سے باہر ہیں، چیئرمین ایف بی آر

ٹیکس وصولی کا رواں مالی سال کا ٹارگٹ آسان نہیں مگر ممکن ہے

اسلام آباد(این این آئی) چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے کہا ہے کہ ٹیکس وصول کا رواں مالی سال کا ٹارگٹ آسان نہیں مگر ممکن ہے۔ جیو نیوز کے پروگرام آج شام ذیب خانزادہ کے ساتھ میں گفتگو کرتے ہوئے راشد لنگڑیال نے

پولٹری فارمز سے چار فیصد اضافی ٹیکس وصولی روک دی گئی

وفاقی حکومت، ایف بی آر سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری، آئندہ سماعت پر جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پولٹری فارمز سے چار فیصد اضافی ٹیکس وصولی روک دی، عدالت نے وفاقی حکومت، ایف بی آر سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب طلب کرلیا۔ جسٹس عابد مزمل شیخ نے عبیر احمد سمیت دیگر پولٹری فارمز کی درخواستوں پر سماعت کی ۔درخواست گزاروں کی جانب سے سرور احمد خان ایڈووکیٹ پیش ہوئے اور عدالت کو بتایا کہ وفاقی حکومت نے رجسٹریشن نہ کروانے والے

منشیات کے ملزم کو 10 سال سزاء کا حکم

بھلیاں قتل کے ملزمان سیشن کورٹ سے شک کا فائدہ لیکر بری

چکوال (این این آئی) بھلیاں قتل کے ملزمان سیشن کورٹ سے شک کا فائدہ لیکر بری، منشیات کے ملزم کو 10 سال سزاء کا حکم سنا دیا گیا۔ تفاصیل کے مطابق کہار کے قصبہ بھلیاں میں پرانی دشمنی کے رنج میں ملزمان نے مقتول محمد صادق کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا جس کا مقدمہ پولیس نے درج کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا تھا۔ عدالت نے ملزمان کو شک کا فائدہ دیکر بری کر دیا۔ ایک ملزم کو منشیات کے مقدمہ میں 10 سال سزا اور 50 ہزار روپے جرمانہ کی سزا سنائی گئی۔

فوری ضرورت
روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com

لاہور: وزیر اسپورٹس اینڈ ٹاس فرانٹرٹ پنجاب بال اکیڈمی چیئرمین ہیڈ ہارلوی کی چیئرمین ایوارڈ آمد ٹس مین وارٹن سے پنجاب میں نئے اس فرانٹرٹ کے منصوبوں پر گفتگو کر رہے ہیں

واسا راولپنڈی کی نااہلی نے شہریوں کو پانی سے محروم کر دیا

ٹینکر مافیا کی چاندی، شہریوں کا اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) واسا راولپنڈی کی میونسپل فنڈ ، ٹاسس سکت عملی اور عدم توجہ کے باعث شہر کیمیں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا ہے ۔شہریوں کا کہنا ہے کہ واسا حکام پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں، جس کے نتیجے میں شہری پرائیویٹ ٹینکر مافیا کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور ہیں۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی کے (بقیہ نمبر 2 7)

امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھنے کیلئے اسلام آباد پولیس کا فلیگ مارچ

مقدس محرم الحرام کے دوران شہر کی سکیورٹی کو مزید موثر بنانا ہے

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں سکیورٹی انتظامات کو مزید موثر بنانے اور امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھنے کے لیے اسلام آباد پولیس کا فلیگ مارچ انعقاد کیا گیا، فلیگ مارچ میں اسلام آباد پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ لیا، فلیگ مارچ کا مقصد محرم الحرام کے دوران شہر کی سکیورٹی کو مزید موثر بنانا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد میجر ناصر فیوض کے خصوصی (بقیہ نمبر 2 8)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب برائے صحت میجر جنرل ریٹائرڈ کویانی سرمد ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

یونین کونسل گولپور کو ماڈل یونین کونسل ڈیکلیئر کیا جائے

ترقی کے اس دور میں بھی یونین کونسل گولپور بنیادی ضروریات پانی کی نعمت سے محروم

دس دن بعد پانی کا ایک گھنٹہ عوام کو ملنا نہ ہونے کے برابر، وزیر اعلیٰ نوٹس لیں

پنڈ دادنان (سرفراز عباس) تفصیلات کے مطابق پنڈ دادنان اور اللہ انٹرچینج کے وسط میں واقع یونین کونسل گولپور پانی کی نعمت سے محروم ڈارا Dwra کے تحت چلنے والی واٹر سپلائی جوئی دھنی گولپور، کوڑا، چوران اور ڈھوک ویس کو پانی کی فراہمی میں ناکام ہے 8 سے 10 دن بعد گولپور، کوڑا، چوران اور ڈھوک ویس کو پانی کا ایک گھنٹہ ملنا ناکافی ہے پانی جو ہر گھر کی ہر وقت ضرورت ہے وہ دن میں دو بار ہو وہ بھی صرف ایک گھنٹہ چلنا ان کی بدقسمتی ہے۔ الہیاں کے عوام بھی جنگلے پانی کی نعمت سے محروم بنگیہ سہوتر اور حاجر کے یونین کونسلوں کے تحت گلی رہی ہیں وہاں بھی پانی کی مٹھاس کی جگہ کڑواہٹ ختم ہو چکی ہے پتھر گلوں اور پتھر یلی میں بھی پانی کی صورتحال ابتر ہے۔ یونین کونسل گولپور کے سیاسی و (بقیہ نمبر 2 9)

چوآ سیدن شاہ میں بھیک کے نام پہ فحاشی کا دھندہ عروج پر

جوان پیشہ ور بھکاری لڑکیاں جوان نسل کو سرعام دعوت گناہ دے رہی ہیں

چوآ سیدن شاہ (غلام شہزاد سے) عوامی و سماجی حلقوں کی طرف سے ڈی سی چکوال ڈی پی او چکوال ،اسسٹنٹ کمشنر اور ایس ایچ او تھانہ چوآ سیدن شاہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ۔ فحاشی کو فروغ کے لیے بیک نسل کو 100 سے 200 روپے پر آمادہ کر لیا جانے کا (زرائع) چوآ سیدن شاہ بازار سمیت گردونواح میں آئے بھیک مانگنے والی جوان لڑکیوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ جو بھیک کے نام پہ فحاشی کو فروغ دے رہی ہیں اور (بقیہ نمبر 3 0)

راولپنڈی: مریڑ چوک یولرن سے شہری اون وے ریلیک کی خلاف ورزی کر رہے ہیں جس سے حادثہ پیش آ سکتا ہے۔

ملک بھر میں مون سون بارشوں میں اضافے کی پیشگوئی

لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ ،مکمہ سیلاب کے حوالے سے نیا الرٹ جاری کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں مون سون بارشوں میں اضافے کی پیشگوئی کر دی گئی، خیبر پختونخواہ ، کشمیر اور گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق گلگت بلتستان میں 6 جولائی سے 10 جولائی تک بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے، اسلام آباد اور بالائی علاقوں میں بھی 5 سے 10 جولائی تک بارشیں متوقع ہیں۔ بلوچستان کے متعدد علاقوں میں 6 سے 8 جولائی تک بارشوں کا امکان ہے جبکہ جنوبی پنجاب میں 3 سے 6 جولائی تک گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہیں۔ مری، گلیات، سوات، کوہستان، کشمیر میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ ہے۔ بارشوں کے باعث درجہ حرارت میں واضح کمی کا امکان ہے جبکہ عوام، مسافروں اور سیاحوں کو احتیاطی ہدایت اختیار (بقیہ نمبر 3 1)

صوبائی وزیر زراعت ولائیسنا کے سید عاشق حسین کرمانی اکاڈمی میں محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

ڈیزل پر لیوی کی مد میں 74 روپے 51 پیسے کی وصولی، رپورٹ

ایک لیٹر پٹرول پر پیٹرولیم لیوی کی مد میں 75 روپے 52 پیسے کی وصولی کی جارہی ہے

لاہور (این این آئی) پیٹرولیم لیوی کی مد میں فی لیٹر قیمت میں اضافے کا بڑا حصہ مختلف اقسام کے چارجز اور لیوز پر مشتمل ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈیزل کی انکیس ریٹائرسی قیمت 177 روپے 24 پیسے ہے، ایک لیٹر ڈیزل پر پٹرولیم لیوی کی مد میں 74 روپے 51 پیسے کی وصولی کی جارہی ہے، ایک لیٹر ڈیزل پر نیا کلین کاربن لیوی 2 روپے 50 پیسے عائد کیا گیا ہے، ڈیزل کی لیٹر پر آئل مارکیٹنگ مارجن 8 روپے وصول کیا جارہا ہے۔ ڈیزل پر ان لینڈ فریٹ چارجز کی مد میں 2 روپے 9 پیسے کی وصولی، پٹرول پمپ ڈیلرز مارجن 8 روپے (بقیہ نمبر 3 2)

ڈپٹی کمشنر چکوال کا سکیورٹی کنٹرول روم کا دورہ

کیمروں کے ذریعے شہر میں چھٹی محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اسسٹنٹ کمشنر چکوال کے دفتر میں قائم سکیورٹی کنٹرول روم کا دورہ کر کے وہاں پر نصب کیمروں کے ذریعے شہر میں چھٹی محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اے ڈی سی جی بال بن عمود الحفیظ اور اسسٹنٹ کمشنر چکوال نیشان شریف قیصرانی بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے سکیورٹی کے تمام انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور کنٹرول روم میں ڈیوٹی پر تعینات عناف (بقیہ نمبر 3 3)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم
پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔0309-7900035

عالمی برادری دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاکستان سے تعاون کرنے بلاول

طالبان حکومت کی وعدہ خلافیاں خطے میں عدم استحکام کا باعث ہیں، بھارت پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی روش ترک کرے

سرنڈر کرنا پاکستان کی دشمنی میں شامل نہیں، ڈیجیٹل پروپیگنڈا عصر حاضر کا ایک اور پیچیدہ چیلنج ہے، عالمی کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد(این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کیخلاف ہر اول دستے کا کردار ادا کر رہا ہے، عالمی برادری دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاکستان سے تعاون کرے۔ "دنیا کیلئے پاکستان کی دہشت گردی کیخلاف جنگ" کے عنوان پر عالمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ دہشت گردی ایک عالمی مسئلہ ہے، پاکستان نے دہشت گردی کیخلاف سب سے زیادہ قربانیاں دیں اور دہشت گردی کیخلاف جنگ میں (بقیہ نمبر 4 3)

لاہور: صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ کے کنٹرول روم میں محرم الحرام کے حفاظتی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں 2 اپوزیشن اراکین کیخلاف ریفرنس تیار کرلیا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن کی جانب سے کی گئی ہنگامہ آرائی کے معاملے پر اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے 26 اپوزیشن اراکین کے خلاف باضابطہ ریفرنس تیار کرلیا ہے جنکے تحریک انصاف نے بھی ریفرنس کا قانونی مشاہدہ کرکے اعلان کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی ماہ محبوب نے ریفرنس دائر کر دیا ہے، ریفرنس کے لیے پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے تمام ضروری دستاویزات جمع کیں۔ ذرائع کے مطابق سابق جنسس عمر طاہر بندیال کی جانب سے حمزہ شہباز کے خلاف دیئے گئے فیصلے کا حوالہ بھی ریفرنس میں موجود (بقیہ نمبر 3 5)

فائرنگ سے زخمی ہونے والا خواجہ سرا "تتلی" جاں بحق

پشاور(این این آئی) پشاور میں گلبہار میں فائرنگ سے زخمی خواجہ سرا "تتلی" جاں بحق ہوگیا، رپورٹ کے مطابق گزشتہ شب خواجہ سرا میں آپس میں ہوا تکیں وجہ ماجرہ بنا، پولیس نے کہا کہ خواجہ سرا کے قتل کا مقدمہ تھانہ گلبہار میں درج کرلیا گیا۔

حجرہ شاہ مقیم، شوہر نے بیوی کو کلہاڑی سے مار ڈالا

واقعہ گھریلو جھگڑے کا شاخسانہ، پولیس نے ملزم شوہر گرفتار کر لیا، آلہ قتل برآمد

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) حجرہ شاہ مقیم کے نواحی گاؤں خیر گھر میں گھریلو ناچاکی کے نتیجے میں 45 سالہ خاتون کو مبینہ طور پر کلہاڑی کے وار مار کر قتل کر دیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر راشد ہدایت نے فوری طور پر ایس ایچ او پولیس نے ملزم مشتاق کو گرفتار کر کے قتل کا مقدمہ (بقیہ نمبر 3 6)

انتشار پھیلانے والوں کے خلاف کارروائی، 8 مقدمات درج

ملک میں نفرت پھیلانا جرم ہے اور خاموشی جرم کو بڑھاوا دیتی ہے، پولیس حکام

سرگودھا(این این آئی) سرگودھا پولیس نے پرامن ماحول کو سبوتاژ کرنے کے لئے انتشار پھیلانے والوں کے خلاف کارروائی میں 8 مقدمات درج کر کے اس میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا اور ویڈیو تحقیق جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا پولیس ایسے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کر رہی (بقیہ نمبر 3 7)

سی او بلدیہ اظہر مجید اور رکشہ یونین اور ڈرائیورز کے درمیان مذاکرات کامیاب

بلدیہ رکشہ والوں کو شہر میں مختلف جگہوں پر پوائنٹس بنا کر دے گی جہاں آپ رزق حلال بآسانی کما سکیں سی او بلدیہ اظہر مجید

ٹریفک وارڈن بغیر غلطی کسی رکشے کا چالان نہیں کریں گے آپ لوگ چوک چوراہوں میں راستے بند کرنے کا موجب نہ بنیں، اسٹیکر چوہدری قاسم

لاہور: وزیر لیبر و سپورٹس، پنجاب پیصل ایوب کھوکھر انتظامی افسران وسیاسی نمائندگان کے ہمراہ محرم الحرام کے مرکزی کنٹرول روم کا معائنہ کر رہے ہیں

پشاور(این این آئی) رکشہ پر چڑی کا ضلیکہ جو 30 جون کو ختم ہوا تھا اب ضلیکہ سے بلدیہ کو جو رکشہ نے رکشہ کی سیریہ پر چڑی 50 روپے کر دی تھی جس رکشہ والوں نے احتجاج کیا اور اسسٹنٹ کمشنر خیبر ظہور گورایہ کے آفس کے باہر ان دی رکی کیلی بنائی جس پر رکشہ یونین وفد اور چند ڈرائیورز ذاکرات کے لیے بلدیہ ٹاس گورجان کے جہاں چیف آفیسر کیلو کا چیف سیریہ کیلی انظیر مجید کے علاوہ سرور کیلی انچارج ٹریفک وارڈن اسٹیکر چوہدری قاسم بلدیہ ریگولیشن آفیسر ڈاکٹر چاند مبین اور کیلی کے (بقیہ نمبر 3 8)

ایئر کارگو چارجز میں 100 گنا اضافہ کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے ایئر کارگو چارجز میں 100 گنا تک اضافہ کر دیا۔ ایئرپورٹ اتھارٹی حکام کے مطابق پروازوں میں پالتو پرندے، بلی، کتے، پان کے پتے اور جنرل کارگو کے نئے ریٹس جاری کیے ہیں۔ پالتو پرندوں کو پروازمیں لے جانے پر چارجز میں 50 فیصد اضافہ اور ایئر کارگو چارجز میں 100 گنا اضافہ کیا گیا ہے۔ ایئرپورٹ اتھارٹی حکام کے مطابق کارگو چارجز 5 سال بعد بڑھائے ہیں۔

کار ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو کر گہری کھائی میں جا گری، 2 افراد جاں بحق

گلگت (این این آئی) شاہراہ سکردو کار ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو کر گہری کھائی میں جا گری 2 افراد جاں بحق حادثہ روندو ہنزل کے قریب پیش آیا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو روندو کے اہلکار فوری طور پر ضروری سامان کے ساتھ جائے حادثہ پر پہنچے اور ریسکیو آپریشن شروع کیا اور دونوں لاشوں کو کھائی سے نکال کے روندو تھانہ پہنچا دیا گیا ہے جہاں پر ضروری قانونی کاروائی کے بعد ورثا کے حوالے کیا جائے گا۔ جاں بحق افراد کے نام حشور ولد محمد رضا ساکن گلمت گلگت جو کہ گاڑی چلا رہا تھا اور ساجد ولد غلام حسین ساکن گلمتری بتائے جا رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا حکومت کا فلڈ لائٹنگ آلات خریدنے کا فیصلہ

سیلاب اور دیگر ایمرجنسی صورتحال میں اب ڈرونز کا استعمال کیا جائے گا

پشاور(این این آئی) سوات سیلاب کے بعد خیبر پختونخوا حکومت نے ضرورت اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق صوبائی حکومت نے فلڈ لائٹنگ آلات خریدنے کا فیصلہ کیا ہے جن میں ڈرونز اور ایئر بیلیسٹک پلیٹ شامل ہیں، سیلاب اور دیگر ایمرجنسی (بقیہ نمبر 3 9)

راولپنڈی، ٹرانسپیڈ ر کے قتل کے واقعہ پر سی پی او کا نوٹس

ایس پی صدر سے رپورٹ طلب ،ملزمان کی گرفتاری کا حکم

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ رواٹ کے علاقہ میں فرانسپیڈ ر کے قتل کے واقعہ پر سی پی او سید خالد رضا نے کانوس، سی پی او سید خالد رضا نے ایس پی صدر سے رپورٹ طلب کی اور ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا، واقعہ کی اطلاع پر رواٹ پولیس موقع پر موجود ہے، جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کئے جا رہے ہیں، ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ ڈکیتی جھگڑے پر پیش آیا ہے تمام زاویوں پر تحقیقات کی جا رہی ہیں، فضی کو ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے، واقعہ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا۔

لاہور: اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی حافظ احمد خان بھچر دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

محکمہ اوقاف کی زمینوں پر ناجائز قبضوں کے خاتمے کا ایکشن پلان کی منظوری

محکمہ اوقاف کی زمینوں کو ناجائز قابضین سے واگزار کرا کے عوام کے فلاحی منصوبوں کیلئے استعمال میں لایا جائے گا

پنجاب بھر میں اوقاف کے زیر اہتمام مساجد اور مزارات کی تزئین آرائش کی جارہی ہے، وزیر اوقاف پنجاب چوہدری شافع حسین

معروف ٹک ٹاکر ایک مرتبہ پھر اسلحے کی نمائش کرنے پر گرفتار

کاشف ظہیر کا اعتراف جرم، معافی مانگتے کا ویڈیو بیان بھی سامنے آ گیا

لاہور (این این آئی) لاہور سے معروف ٹک ٹاکر کاشف ظہیر کو ایک بار پھر اسلحہ کی نمائش کرنے پر گرفتار کر لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق کاشف ظہیر کی چند روز سے بادوری سلح گارڈز کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی تھیں جس پر ایکشن لیتے ہوئے کاشف ظہیر اور اس کے سکیورٹی گارڈز کے خلاف تھانہ ہیرا میں ڈی پی او نے مقدمات درج کیے ہیں۔ کاشف ظہیر اور اس کے سکیورٹی گارڈز کے خلاف تھانہ ہیرا میں ڈی پی او نے مقدمات درج کیے ہیں۔ کاشف ظہیر کو ایک بار پھر اسلحہ کی نمائش کرنے پر گرفتار کر لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق کاشف ظہیر کو ایک ٹاکر کے ساتھ کی ڈی پی او اقبال خان نے گرفتار کیا۔ ٹاکر کے ساتھ کی ڈی پی او نے اس کے 13 گارڈز کو بھی گرفتار کر کیا۔ کاشف ظہیر کے گارڈز کے اسلحہ کی قیمت بھی۔ لیا گیا ہے جس کے بعد کاشف ظہیر کا اعتراف (بقیہ نمبر 4 1)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp 0309-7900035
E-Commerce Website Price: 6000/-

ناملوم ملزمان نے تیز دھار آلہ سے نوجوان کا گلا کاٹ کر قتل کر دیا

کہا کہ معاملے بہت سارے لوگ ٹیکس نیٹ سے باہر ہیں اور جو لوگ ٹیکس نیٹ میں ہیں وہ بھی بڑے پیمانے پر اظہار رہنمائی کرتے ہوئے کہا کہ فاکٹر اور ان فاکٹر کے بجائے اب اہم اہلیت اور باصلیت کا پیمانہ لے

گوجر خان (قمرشہزاد) گوجر خان شہر کی آبادی چوک (این این آئی) چوک نامعلوم ملزمان نے تیز دھار آلہ سے نوجوان کا گلا کاٹ کر قتل کر دیا ملزمان نے نشئی کھیتوں میں پھینک دیا ملزمان موقع سے فرار حالی پولیس ملزمان کا کوئی سراغ نہ لگا سکی ڈی ایس پی چوک نے ملزمان کو گرفتار کرنے کی یقین دہانی کروا دی۔ چوک کے نواحی گاؤں مجوٹھ کے کلاں میں نامعلوم ملزمان نے 18 سالہ نوجوان جنید کو تیز دھار آلہ سے قتل کیا اور ملزمان نے مقتول کی نشئی کھیتوں میں پھینک

لیسکو کا سنگل فیز میٹر کے ڈیمانڈ نوٹس کی قیمت میں اضافہ کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے سنگل فیز میٹر کے لیے ڈیمانڈ نوٹس کی قیمت میں اضافے کا فیصلہ کر لیا۔ سنگل فیز میٹر کنکشن کے حصول کے لئے ڈیمانڈ نوٹس میں 11 ہزار تک اضافہ ہو جائے گا۔ ذرائع کے مطابق سنگل فیز کنکشن کے لئے ڈیمانڈ نوٹس کی قیمت 10 ہزار سے بڑھ کر 21 ہزار تک ہو گئی ہے، عام سنگل فیز میٹر کی قیمت 5 ہزار اے ایم آئی کی قیمت 16 ہزار روپے تک ہو گئی، سنگل فیز اے ایم آئی میٹر کی قیمت کی وجہ سے صارفین کو

ایک کلو سونے کی قیمت 2 لاکھ روپے کم ہو گئی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اوقاف و ڈیزیز امور چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پیک باڈیوں میں اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں محکمہ اوقاف کی زمینوں پر ناجائز قبضوں کے خاتمے کے ایکشن پلان کی منظوری دی گئی۔ محکمہ اوقاف کی 8102 اکڑ اراضی ناجائز قابضین سے واگزار کرانے کے لئے پلان تیار کرلیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ محکمہ اوقاف کے تمام اراضی کی ڈیجیٹلائزیشن کی جائے گی ،سرکاری اداروں کے درمیانہ اراضی واگزار کرانے کیلئے اداروں (بقیہ نمبر 4 0)

ڈپٹی کمشنر چکوال کا سکیورٹی کنٹرول روم کا دورہ

کیمروں کے ذریعے شہر میں چھٹی محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اسسٹنٹ کمشنر چکوال کے دفتر میں قائم سکیورٹی کنٹرول روم کا دورہ کر کے وہاں پر نصب کیمروں کے ذریعے شہر میں چھٹی محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اے ڈی سی جی بال بن عمود الحفیظ اور اسسٹنٹ کمشنر چکوال نیشان شریف قیصرانی بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے سکیورٹی کے تمام انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور کنٹرول روم میں ڈیوٹی پر تعینات عناف (بقیہ نمبر 3 3)